یہ کتاب [illegible] تحفہ ہے

تقویۃ الایمان

تالیف

مولانا محمد اسمٰعیل شہید دہلوی

ناشر

فخر العبید اعظمی

مکتبہ نعیمیہ صدر بازار مئوناتھ بھنجن یوپی

12/-

نہ تھے کیونکہ اور سرداروں کو کچھ ان مبالغہ کرنیوالوں کے دین سے کچھ کام نہیں ہوتا خواہ درست رہے خواہ بگڑ جاوے اور پیغمبر خدا تو اپنی امت کے بڑے مربی شفیق تھے اور ان پر بہت مہربان اور رات دن انکو اپنی امت کے دین ہی درست کرنے کا فکر تھا۔ سو جب انھوں نے معلوم کیا کہ میری امت کے لوگ مجھ سے بڑی محبت رکھتے ہیں اور بہت احسان مند اور یہ دستور ہے کہ جب کسی کو کسی سے بہت محبت ہوتی ہے تو اپنے محبوب کے خوش کرنے کو اسکی تعریف میں حد سے زیادہ بڑھ جاتے ہیں اور جو کوئی پیغمبروں کی تعریف میں حد سے بڑھے گا تو خدا ہی کی بے ادبی کریگا اور اس سے بالکل اسکا دین برباد ہو جائے گا اور پیغمبر کا اصل دشمن بنجائیگا سو اسی لئے فرمایا کہ مجھکو یہ مبالغہ خوش نہیں آتا سو میرا نام محمد ہے نہ اللہ نہ خالق نہ رازق اور سب آدمیوں کی طرح اپنے باپ ہی سے پیدا ہوا ہوں اور بندہ ہی ہونا میرا فخر ہے مگر اور سب لوگوں سے امتیاز مجھکو یہی ہے کہ اللہ کے احکام سے میں واقف ہوں اور لوگ غافل، سو انکو اللہ کا دین مجھ ہی سے سیکھا چاہئے۔

سو اے مالک ہمارے اپنے ایسے پیغمبر رحیم وکریم پر ہزاروں درود وسلام بھیج اور انھوں نے جیسا ہم سے جاہلوں کو دین سکھانے میں حد سے زیادہ کوشش کی سو تو ہی اس کوشش کی قدردانی کر کہ ہم تو ایک عاجز بندے ہیں محض بے مقدور اور جیسا تو نے اپنے فضل سے ہمکو شرک و توحید کے معنی خوب سمجھائے اور لا الٰہ الا اللہ کا مضمون خوب تعلیم کیا اور مشرک لوگوں سے نکال کر موحد پاک مسلمان بنایا اسی طرح اپنے فضل سے بدعت وسنت کے معنی خوب سمجھا اور محمد رسول اللہ کا مضمون خوب تعلیم کر اور بدعتی بدمذہبوں میں سے نکال کر سنی پاک متبع سنت کا کر۔ آمین یارب العالمین ۔ فقط